رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: متوسط سال اول　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: موضوعات القرآن

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: تیمّم کے کتنے اور کون کونسے فرائض ہیں؟

سوال نمبر 2: وضو کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث مبارکہ اردو میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: آیت مبارکہ ﴿ وَاِذَانَادَیْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ﴾ سے معلوم ہونے والے کوئی سے 2 مسائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: شراب کی مذمت پر ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: شراب نوشی کے کوئی سے 4 نقصانات (بھیانک نتائج) قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 6: جوئے کی مذمت میں کوئی ایک حدیث پاک اردو میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: سنت پر عمل کرنے کا ثواب کیا ہے؟ حدیث پاک کی روشنی میں بتائیں۔

سوال نمبر 8: برائی سے روکنے کی فرضیت واہمیت کے بارے میں کوئی ایک آیت مبارکہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حالت جنگ کی وہ کون سی دو صورتیں ہیں جن میں انسان پیٹھ دکھا کر بھاگنے والا شمار نہیں کیا جاتا؟

سوال نمبر 10: غزوہ موتہ میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ اور ان کے مد مقابل فوج کی تعداد کتنی تھی؟

سوال نمبر 11: اطاعتِ رسول کی اہمیت کے متعلق کوئی ایک آیت قرآنی لکھئے۔

سوال نمبر 12: نبی آخر الزمان ﷺ اپنے لیے اکثر کون سی دعا فرمایا کرتے تھے؟

سوال نمبر 13: آیت مبارکہ ﴿یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَاتَخُوْنُوا اللّٰہَ وَ الرَّسُوْلَ﴾ میں اللہ و رسول سے خیانت کرنے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 14: ایمان کیا ہے؟

سوال نمبر 15: دین کو دنیا کمانے کا ذریعہ بنانے کی مذمت میں کوئی ایک حدیث پاک اردو میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: سچائی کی فضیلت اور جھوٹ کی مذمت حدیث کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: مرید بننے کا اہم مقصد کیا ہے؟

سوال نمبر 18: "اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے" اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: نماز کے کوئی سے 2 فضائل قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 20: سجدہ کی فضیلت پر ایک حدیث کا اردو میں ترجمہ تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: حضور سید المرسلین ﷺ کے عفو و درگزر کے متعلق کتاب میں موجود واقعہ کو ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 2: خانہ کعبہ کی تعظیم و تقدیس کا سبب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: کسی مالدار صحابی کے راہ خدا میں خرچ کرنے کا واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: تقوی کی برکتیں کیا ہیں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے مال صدقہ کرنے کا واقعہ ذکر کیجئے۔